**20/07/2025**

**09.25 AM**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنئے**

**LG**

**______________________ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں ایک تقریب کے دوران کے موضوع سے سنت کمار شرما کا "Indus Water Treaty-Mirroring the facts" © تصنیف کر دہ ایک رسالہ جا ری کیا ۔**

**لیفٹنٹ گورنر نے مصنف کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے کہا کہ اس تصنیف میں سندھ طاس معاہدے کے کئی تاریخی پہلو اُجاگر کئے گئے ہیں۔ انہوننے کہا کہ معاہدے کو معطل کرنے کا وزیراعظم نریندر مو دی کا فیصلہ بالکل صحیح ہے۔**

**-(LG)--Byte----**

**ستیش شرما**

**خوراک امور صارفین اور ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کی موجودہ سرکار عوامی کی بنیادی ضروریات کی فراہمی کےلئے کمر بستہ ہے، چاہئے وہ پینے کا پانی ہو، بجلی یا پھر طبی نگہداشت ہو۔**

**وہ جموں ڈویژن کے چھمب اسمبلی حلقے کے تفصیلی دورے پر تھے جہاں انہوننے ترقیاتی منظر نامے اور عوامی مسائل کا بر سر موقع جائزہ لیا۔**

**چیف سیکریٹری**

**چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نوشہرہ سرینگر میں وژار ناگ مندر کا دورہ کر کے استھا پن پر جا ری کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔**

**انہوننے ثقافتی تحفظ سے متعلق اسکیم کے تحت مندر کا درجہ بڑھانے کا کےلئے تجدید و مرمت کے کئی کاموں کی شروعات کی۔ انکے ہمراہ ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو اور کمشنر ایس ایم سی  فضل الحسیب بھی تھے۔**

**DGP**

**پولیس سربراہ نلین پر بھات نے سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر کی سکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔**

**میٹنگ میں پولیس، فوج، بی ایس ایف، سی آر پی ایف، ایس ایس بی، آئی ٹی بی پی، سی آئی ایس ایف اور دیگر سکیورٹی ایجنسیوں کے افسروں نے شرکت کی۔**

**پولیس سربراہ نے یوٹی میں امن کے قیام کےلئے سبھی ایجنسیوں کے مابین قریبی اور بہتر تال میل کی ضرورت اُجا گر کی۔**

**یاترا**

**سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے تحت3جولائی سے کل شام تک مجموعی طور پر2لاکھ87ہزار98یاتری پوتر گپھا میں حاضری دیکر شیو لنگم کے درشن کر چکے ہیں۔**

**جموں سے تازہ قافلے میں آج مزید4ہزار388 یاتریوں کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ہے، جبکہ پہلگام اور بالتل کے بیس کیمپوں سے آج بھی کئی ہزار یاتری گپھا کی طرف محو سفر ہیں۔**

**IICT**

**انڈین انسٹی چیوٹ آف کارپٹ ٹیکنالوجی سرینگر میں وادی کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے قالین بافوں کو الگ الگ ہنروں کی تربیت دی گئی ہے، جو کہ اپنے آپ میں ایک اہم کامیابی مانی جا رہی ہے۔**

**اس سلسلے میں انسٹی چیوٹ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زُبیر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔**

**----Byte----**

**JKB**

**نوجوانوں کو کار خانہ داری اور خود روزگار کے ذریعے بااختیار بنانے پر مرکوز جمونو کشمیر سرکار کی فلیگ شپ سکیم مشن یووا کے تحت جمونوکشمیر بینک کی طرف سے وادی میں یو تھ ڈے اور جموں میں اُدیمی یووا ڈے موضوع کے تحت پروگرام منعقد کئے گئے۔**

یہ پروگرام مختلف اضلاع میں منعقد کئے گئے۔ وادی میں صوبائی سطح کی تقریب ضلع گاندربل اور منیجنگ ڈائریکٹر امتوا چٹر جی، مشن CEO میں منعقد ہوئی جہاں جمونو کشمیر بنک کے ڈائریکٹر شہزاد عالم، ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتن کشور خاص مہمانوں کے بطور موجود تھے۔

**سنسکرت**

محکمہ سکولی تعلیم نے وادی کے سکولوں میں چھٹی سے 10ویں جماعت تک سنسکرت مضمون کو نصاب میں شامل کئے جانے سے متعلق ایک مقامی اخبار کی خبر کو بے بنیاد اور من گھڑت قرار دیا ہے۔

ایک وضاحتی بیان میں محکمہ تعلیم نے کہاہے کہ ایسا کوئی بھی منصوبہ زیر غور نہیں ہے۔

**اِگنو**

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے مختلف کورسوں میں داخلے کےلئے آخری تاریخ31جولائی تک بڑھا دی گئی ہے۔

فاصلاتی یونیورسٹی نے60سے بھی زیادہ نئے پروگرام متعارف کئے ہیں ۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت27 اعشاریہ 7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

……………………………